تعارف و تبصرۂ کتب

تبصرہ نگار اختر راہی ایم اے

اہل سنت اور اہل بیت | مؤلف: مولانا محمد سراج الحق مچھلی شہری۔ صفحات: ۹۶
قیمت ایک روپیہ۔ ناشر: مفتاحی اکیڈمی۔ اعظم گڑھ (انڈیا)

عوام ہی نہیں خواص میں بھی "اہل بیت" کا مفہوم واضح نہیں اس عام غلط فہمی سے بعض اہل علم بھی نہ بچ سکے اور انہوں نے بھی اہل بیت سے حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ اور حضرات حسنینؓ ہی مراد لئے۔ حالانکہ قرآن و حدیث اور لغت کی رو سے اہل بیت میں ازواج مطہرات بدرجہ اولیٰ شامل ہیں۔ فاضل مؤلف نے زیر نظر کتابچہ میں آیت تطہیر کی تفسیر و تشریح کرتے ہوئے بدلائل ثابت کیا ہے کہ اہل بیت سے مراد ازواج مطہرات ہیں۔ اس سلسلے میں حدیث کساء، (کہ جب آیت تطہیر نازل ہوئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ فاطمہؓ حضرت علیؓ اور حسنینؓ کو چادر میں لیکر دعا کی کہ اے اللہ یہ میرے اہل بیت ہیں۔ ان کو پلیدی سے پاک کر دے) کے جملہ طرق روایت پر بصیرت افروز بحث کی ہے ان کی تحقیق کے مطابق یہ حدیث موضوع ہے۔

ضمنی طور پر مؤلف نے "تفضیل عائشہؓ و فاطمہؓ" جیسے مسائل پر روشنی ڈالی ہے۔ مؤلف بہرحال مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے صحیح مسلک کو واضح کیا ہے۔ آغاز میں مولانا محمد اسحاق سندیلوی کا مقدمہ ہے۔ کتابچہ بحیثیت مجموعی جاندار ہے۔ البتہ قرآن حکیم کی آیات کا صرف ترجمہ دیا گیا ہے۔ جو آیات قرآن کی کمی کو پورا نہیں کر سکتا۔

وفات سرور کائنات | مؤلف مولانا محمد سراج الحق مچھلی شہری۔ صفحات ۹۶۔ قیمت ۵ روپے
ناشر: مفتاحی اکیڈمی اعظم گڑھ

سراج الحق صاحب نے "وفات سرور کائنات" میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی علالت اور وفات کا تاریخ وار ذکر کیا ہے۔ ان کی تحقیق کے مطابق سرور کائنات کی مرض کا آغاز چہار شنبہ